© rasailojaraid.com



مولانا حافظ ابراہیم فانی صاحب
مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# تبصرہ کتب

نام کتاب :- حرف شیریں

مصنف :- مولانا نورعالم خلیل امینی استاذ ادب عربی ومدیر ماہنامہ " الداعی " دارالعلوم دیوبند انڈیا

صفحات ١٢٢ قیمت :- ٤٤ روپے

ناشر ادارہ علم وادب افریقی منزل قدیم دیوبند

عربی زبان کی افضلیت واہمیت عالمگیریت اور آفاقیت مسلم ہے ۔ اس دعویٰ کیلئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں ، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور وحی اسی زبان میں نازل ہوئی ۔ اور صاحب وحی علیہ التحیۃ والسلام اسی عربی مبین کے حامل ہیں ۔ اسی اہمیت کے پیش نظر تمام مسلمانوں کیلئے عربی زبان کا سیکھنا ازحد ضروری ہے ، اس لئے کہ قرآن وحدیث کی زبان یہی ہے ۔ تو جب تک عربی قواعد وضوابط اور رموز ومحاورہ سے واقفیت نہ ہو اسی وقت تک قرآنی مطالب حدیث کے مفاہیم اور دیگر عربی کتب وتصانیف کو سمجھنا مشکل ہے ۔

حضرت المخدوم مولانا نورعالم خلیل امینی صاحب مدظلہ جوکہ نہ صرف اردو کے بہترین ادیب اور نقاد ہیں بلکہ عربی ادب میں بھی انہوں نے اپنی قابلیت اور کامل استعداد کالوہا برصغیر اور عالم عرب میں منوایا ہے ۔ جس پر ان کی ادارت میں نکلنے والا ماہنامہ " الداعی " شاھدعدل ہے ۔ زیر تبصرہ کتاب میں خود مصنف کے الفاظ میں عربی زبان وادب کی ایک بزم میں کی گئی ایک اہم اور دراز نفس تقریر جس میں عربی زبان کی اہمیت اس کو تحریر آ اور تقریر آ سیکھنے کے طریقوں جملہ نگاری سے مضمون نگاری تک کی منزلوں عربی کو عربی کے لہجہ میں بولنے کی تدبروں ، خوش خطی کے فوائد بدخطی کے نقصانات تحریر کی مختلف شکلوں کے حوالے سے علماء نفسیات کے اخذ کردہ نتیجوں عربی اور اردو میں عصر حاضر میں استعمال کردہ رموز اوقاف عربی ہمزے کی کتابت کے ضروری قواعد وامثال عربی عبارت کو صرفی ونحوی غلطی سے پاک کرنے کی راہوں کی دلچسپ اور برجستہ انداز میں نشاندہی کی گئی ہے ۔ اس میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ زبان وادب کے تمام شائقین کیلئے ایک تحفہ پیغام اور ناگزیر ضرورت ہے " ۔ کتاب کے آخر میں اشاریہ ایک پرلطف اضافہ ہے اور حواشی میں مزید

© rasailojaraid.com